ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(283)

19-05-2023

**بہاول پور(          )جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی ،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت و لاپرواہی بلکل برداشت نہیں جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کے افسران و جوان جمعتہ المبارک کے اجتماعات پر الرٹ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(284)

مورخہ 19/05/2023

**بہاولپور(             )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں خاتون منشیات فروش سمیت متعدد ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں منشیات ،شراب و ناجائز اسلحہ برآمد۔ناجائز اسلحہ کے ذریعے دہشت پھیلانے والوں اور منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کا محاصرہ جاری رہے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے خاتون منشیات فروش سمیت 02 ملزمان ارم شہزادی اور مشتاق احمد کو گرفتار کر کے قبضہ سے 01 کلو 420 گرام چرس برآمد کر لی۔ تھانہ ڈیرہ نواب پولیس نے شراب فروشی کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 01 ملزم محمد صدیق کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 60 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ کوتوالی پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 01 ملزم محمد بلال کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے ،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھنانے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔ناجائز اسلحہ کے ذریعے دہشت پھیلانے والوں اور منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کا محاصرہ جاری رہے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف مقدمات میں خاتون منشیات فروش سمیت متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات ،شراب و ناجائز اسلحہ برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(285)

19.05.2023

**بہاولپور(          )ڈی پی اوسید محمد عباس کی مسلسل مانیٹرنگ کی وجہ سے ضلع میں سنگین مقدمات کے ٹریس کرنے کی شرح میں اضافہ۔تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں کمسن بچے کا اندھا قتل ٹریس۔ڈی پی اوسید محمد عباس کا خانقاہ شریف کا وزٹ،لواحقین سے ملاقات،علاقہ مکینوں کے پولیس کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی حکمت عملی کی بدولت ضلع میں سنگین وارداتوں کے ٹریس ہونے کی شرح میں نمایاں اضافہ ہونے لگا ہے۔تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں کمسن بچے کا اندھا قتل ٹریس۔ڈی پی اوسید محمد عباس کا خانقاہ شریف کا وزٹ،لواحقین سے ملاقات،علاقہ مکینوں کے پولیس کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند۔گزشتہ دن پولیس کی شب وروز کی محنت کے بعد سفاک قاتل گرفتار کیا جس نے کمسن بچے کو بے دردی سے قتل کیا تھا۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے خانقاہ شریف کا وزٹ کیا۔لواحقین سے اظہار افسوس کیا اور دعائے مغفرت فرمائی۔علاقہ مکینوں کی طرف سے پولیس کی انتھک محنت کے بعد سفاک قاتل کی گرفتاری پر پولیس کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ڈی پی او بہاولپور اور صدر سرکل پولیس کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند کیے۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے کہا کہ درندہ صفت قاتل کو ٹھوس شواہد کی بنا پر تختہ دار تک پہنچایا جائے گا،لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں،انصاف کا بول بالا ہوگا،ڈی پی او نے ڈی ایس پی صدر سرکل سید اظہر گیلانی،ایس ایچ او فرحان حسین اور ٹیم کو ملزم کی گرفتاری پر سراہا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں کمسن بچے کا اندھا قتل ٹریس،ڈی پی اوسید محمد عباس کا خانقاہ شریف کا وزٹ،لواحقین سے ملاقات،علاقہ مکینوں کے پولیس کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند